COPYRIGHT RESERVED

Subject Code: 107/207

2021

Set - I Candidates are required to give their answer in their own words as far as particable

परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें।

Figures in the margin indicate full marks

दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं।

Time : (3 HOURS 15 Minutes)
समय : (3 घंटे 15 मिनट)

INTERMEDIATE EXAMINATION 2021
ANNUAL
I.L URDU (OPT)
I.SC / I.A / I.Com

Full Marks - 100
पूर्णांक – 100

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | Instruction for the Candidates: | |
| 1. | Candidates are reqpuired to give their answer in their own words | |
| | as far as practicable. | |
| 2. | Figures in the left hand margin indicate full marks. | |
| 3. | 15 minutes of extra time has been allotted for Candidates to read the question | |
| 4. | This question paper is divided into two Sections. Section A and Section B | |
| 5. | In section 'A' there are 100 objective type questions, each Carrying 1 mark out of which | |
| | only 50 questions are to be answered Darken the Circle with blue/ black ball pen | |
| | against the correct option on OMR Sheet provided to you. If more than 50 | |
| | questions are answered, only first 50 will be evaluated. Do not use Whitner/ | |
| | Liquid/blade/nail etc. on OMR Sheet, otherwise the result will be invalid. | |
| | in Section B, there are Short answer and long answer type questions. Marks indicate | |
| | left Side against each question. Use of any electronic appliances is Strictly prohibited. | |
| | ہدایت! | |
| | ۱- امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں: | |
| | ۲- بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد مکمل مارکس ظاہر کرتے ہیں: | |
| | ۳- سوالات پڑھنے کے لئے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔ | |

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 4۔ یہ سوال نامہ دو حصوں (سیکشنوں) پر مشتمل ہے۔ سیکشن-A اور سیکشن-B۔ | |
| | 5۔ سیکشن-A میں 100 معروضی سوالات ہیں، ہر ایک کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔ ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب دینا ہے۔ OMR شیٹ پر دیے گئے صحیح جواب کے سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ اگر 50 سے زائد سوالوں کے جواب دیے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ OMR شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ ناقابل قبول ہوگا۔ | |
| | 6۔ سیکشن-B میں مختصر جواب اور طویل جواب والے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے بائیں جانب مارکس درج ہیں۔ | |
| | 7۔ کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔ | |

Biharboard Questionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | SECTION - A | |
| | درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ جواب دینے پر | |
| | شروع کے پہلی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے: | 50x1=50 |
| | 1. "خالد اردو پڑھتا ہے" اس جملہ میں "پڑھتا ہے" کیا ہے؟ | |
| | (A) فعل (B) فاعل (C) مفعول (D) اسم | |
| | 2. ذلت کی ضد کیا ہوگی؟ | |
| | (A) عزت (B) دنیا (C) عظمت (D) حیا | |
| | 3. "ضرورت کے لحاظ سے بہت کم ملنا" کس کہاوت کا مطلب ہوتا ہے؟ | |
| | (A) اونٹ کے منہ میں زیرا (B) آم کے آم گٹھلیوں کے دام (C) آدھا تیتر آدھا بٹیر (D) اونچی دکان پھیکی پکوان | |
| | 4. ایمان کی ضد کیا ہوگی؟ | |
| | (A) کافر (B) کفر (C) کفار (D) کفارہ | |
| | 5. درج ذیل میں ماضی بعید کی نشاندہی کیجئے؟ | |
| | (A) وہ گیا (B) وہ جا چکا ہے (C) وہ گیا تھا (D) وہ جا رہا ہے | |
| | 6. ماضی قریب کی مثال ہے: | |
| | (A) وہ کھا چکا ہے (B) اس نے کھایا (C) وہ کھائیگا (D) وہ کھاتا ہے | |
| | 7. روح کی صفت کیا ہوگی؟ | |
| | (A) ارواح (B) روحانی (C) روحانیت (D) رومانی | |
| | 8. جلال کی ضد کیا ہوگی؟ | |
| | (A) جمال (B) جمیل (C) جمالی (D) ان میں سے کوئی نہیں | |

P.T.O.

Biharboard Questionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (9) "تم کہاں جا رہے ہو؟" یہ کس طرح کا جملہ ہے؟ | |
| | (A) سوالیہ (B) خبریہ (C) امریہ (D) مجازیہ | |
| | (10) میں کھاتا ...... ؟ نامکمل جملہ کو مناسب لفظ سے پورا کیجئے؟ | |
| | (A) ہے (B) ہیں (C) ہوں (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | (11) ولی کس مزاج کا انسان تھا؟ | |
| | (A) صوفی صفت (B) سیاح صفت (C) رومانی مزاج (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | (12) درج ذیل میں سے مجاز کے مجموعہ کلام کا نام بتائیے؟ | |
| | (A) سنگ آہن (B) آہنگ (C) پیرہن (D) سنگ پیراہن | |
| | (13) کس شاعر کو شمال اور جنوب کے درمیان ایک پل تصور کیا جاتا ہے؟ | |
| | (A) میر (B) علی سردار جعفری (C) ولی دکنی (D) مومن | |
| | (14) ~~درج ذیل میں سے~~ شیخ غلام راسخ کس کے شاگرد تھے؟ | |
| | (A) میر تقی میر (B) میر حسن (C) میر درد (D) میر انیس | |
| | (15) فرحت اللہ بیگ کا مجموعہ "مضامین فرحت" ~~کے نام سے~~ کتنے جلدوں میں شائع ہوا؟ | |
| | (A) سات (B) چھ (C) پانچ (D) آٹھ | |
| | (16) غدر کے واقعات کو افسانوں اور ناولوں کی شکل میں کس نے پیش کیا؟ | |
| | (A) پریم چند (B) خواجہ حسن نظامی (C) حالی (D) ڈپٹی نذیر احمد | |
| | (17) ان میں کون سی تخلیق افسانہ نہیں ہے؟ | |
| | (A) نذیر احمد کہانی (B) براسس (C) ابراہیم سقہ (D) ٹوبہ ٹیک سنگھ | |
| | | |

P.T.O.

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
| --- | --- | --- |
| | (18) نذیر احمد کی کہانی کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟ | |
| | (A) انشائیہ (B) خاکہ (C) مقالہ (D) افسانہ | |
| | (19) کسی خاص موضوع پر جو تحریر قلم بند کی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟ | |
| | (A) تنقید (B) سوانح (C) مضمون (D) خاکہ | |
| | (20) عربی میں ناشتہ کو کیا کہتے ہیں؟ | |
| | (A) فطور (B) افطار (C) سحری (D) ظہرانہ | |
| | (21) "مضمون" کس طرح کے ادب میں شامل ہے؟ | |
| | (A) افسانوی ادب (B) غیر افسانوی ادب (C) شعری ادب (D) بچوں کا ادب | |
| | (22) "قورمہ" کس زبان کا لفظ ہے؟ | |
| | (A) عربی (B) فارسی (C) ہندی (D) ترکی | |
| | (23) شبلی کی وفات کے بعد سید سلیمان ندوی نے ان کی کس نامکمل تصنیف کو مکمل کیا؟ | |
| | (A) سیرت النعمان (B) سیرۃ النبی (C) الفاروق (D) المامون | |
| | (24) انشائیہ کو دیگر اصناف سے کون سی چیز ممتاز کرتی ہے؟ | |
| | (A) طوالت (B) سنجیدگی (C) غیر رسمی طریقہ کار (D) غمگین موڈ | |
| | (25) وزیر آغا کی پیدائش کہاں ہوئی؟ | |
| | (A) ہندوستان میں (B) پاکستان میں (C) بنگلہ دیش میں (D) افغانستان میں | |
| | (26) انشائیہ کیسی صنف ہے؟ | |
| | (A) شعری (B) نثری (C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | | |

P.T.O

Biharboard Question paper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (27) "اردو شاعری کا مزاج" کے مصنف کون ہیں؟ | |
| | (A) احمد جمال پاشا (B) وزیر آغا (C) حالی (D) کلیم الدین احمد | |
| | (28) وزیر آغا کے کسی ایک تنقیدی مضامین کے مجموعہ کا نام لکھئے؟ | |
| | (A) نئے تناظر (B) اردو شاعری پر ایک نظر (C) تنقیدی زاویئے (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | (29) احمد جمال پاشا کا خاص ادبی میدان کیا تھا؟ | |
| | (A) شاعری (B) تحقیق (C) تنقید (D) طنز و ظرافت | |
| | (30) میر امن دہلوی سے کون سی نثری کتاب منسوب ہے؟ | |
| | (A) فسانہ عجائب (B) باغ و بہار (C) قصہ چہار درویش (D) آرائش محفل | |
| | (31) "باغ و بہار" کا تعلق کس صنف سے ہے؟ | |
| | (A) ناول (B) داستان (C) افسانہ (D) انشائیہ | |
| | (32) احمد جمال پاشا نے بہار کے کس کالج میں ملازمت کی؟ | |
| | (A) مرزا غالب کالج گیا (B) ملت کالج دربھنگہ (C) اورینٹل کالج پٹنہ (D) ذکیہ آفاق اسلامیہ کالج سیوان | |
| | (33) دلی میں احمد شاہ ابدالی کے حملہ کے وقت میر امن کی جاگیر کس نے لوٹ لی؟ | |
| | (A) پورن مل (B) سورج مل جاٹ (C) گوردن مل (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | (34) وہ کون سا سرمہ تھا جس کو لگانے سے جناتوں کی دنیا نظر آنے لگتی تھی؟ | |
| | (A) داؤدی سرمہ (B) سلیمانی سرمہ (C) یعقوبی سرمہ (D) داستانی سرمہ | |
| | (35) فورٹ ولیم کالج میں میر امن کی بحالی کتنے روپیہ ماہانہ پر ہوئی؟ | |
| | (A) ۳۰ روپیہ (B) ۴۰ روپیہ (C) ۴۵ روپیہ (D) ۵۰ روپیہ | |
| | | |

P.T.O

BiharboardQuestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (36) میر امن کی تصنیف "گنج خوبی" کس کتاب کا ترجمہ ہے؟ | |
| | (A) گلستان (B) سیاست نامہ (C) بوستان خیال (D) اخلاق محسنی | |
| | (37) اردو میں مختصر افسانے کی صنف کہاں سے آئی؟ | |
| | (A) عربی سے (B) فارسی سے (C) انگریزی سے (D) یونان سے | |
| | (38) ان میں سے کون سا مجموعہ منٹو کا نہیں ہے؟ | |
| | (A) آتش پارے (B) سڑک کے کنارے (C) بھولے بسرے گیت (D) خالی بوتلیں | |
| | (39) ترقی پسند تحریک کا باضابطہ آغاز کب ہوا؟ | |
| | (A) 1936ء (B) 1932ء (C) 1934ء (D) 1940ء | |
| | (40) منٹو کی وفات کہاں ہوئی؟ | |
| | (A) کراچی (B) لاہور (C) دلّی (D) حیدرآباد | |
| | (41) ان میں سے جیلانی بانو کے افسانوں کا مجموعہ کون ہے؟ | |
| | (A) آنکھ مچولی (B) دانہ و دام (C) روشنی کے مینار (D) روشنی کی رفتار | |
| | (42) ناول "بارش سنگ" کے مصنف کون ہیں؟ | |
| | (A) ساجدہ زیدی (B) سلام بن رزاق (C) عصمت چغتائی (D) جیلانی بانو | |
| | (43) شفیع جاوید کس صنف سے وابستہ ہیں؟ | |
| | (A) شاعری (B) افسانہ (C) انشائیہ (D) خاکے | |
| | (44) سلام بن رزاق معلّمی کی ملازمت سے کب سبکدوش ہوگئے؟ | |
| | (A) 1998ء (B) 1999ء (C) 2000ء (D) 1997ء | |
| | | |

P.T.O.

Biharboard Questionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (45) "ابراہیم سقہ" کس افسانوی مجموعے سے ماخوذ ہے؟ | |
| | (A) شکستہ بتوں کے درمیان (B) ننگی دوپہر کا سپاہی (C) معبر (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | (46) ان میں سے کون سا افسانہ نگار شامل نصاب ہے؟ | |
| | (A) عبدالصمد (B) حسین الحق (C) شوکت حیات (D) سلام بن رزاق | |
| | (47) رسالہ تہذیب الاخلاق کس نے جاری کیا؟ | |
| | (A) مولانا حالی (B) محمد حسین آزاد (C) مولوی عبدالحق (D) سر سید احمد خاں | |
| | (48) غبار خاطر کے خطوط کس جیل سے لکھے گئے؟ | |
| | (A) ہزاری باغ جیل (B) بانکی پور جیل (C) قلعہ احمد نگر جیل (D) تہاڑ جیل | |
| | (49) ان میں سے کس رسالے کا تعلق مولانا آزاد سے نہیں تھا؟ | |
| | (A) الہلال (B) ہمدرد (C) البلاغ (D) لسان الصدق | |
| | (50) مولانا آزاد کس ملک میں پیدا ہوئے؟ | |
| | (A) ہندوستان میں (B) پاکستان میں (C) بنگلہ دیش میں (D) سعودی عرب میں | |
| | (51) احسان دانش کے مضمون میں ساری رپورٹر..... کا تعلق کس نثری صنف سے ہے؟ | |
| | (A) سوانح (B) تنقید (C) خودنوشت (D) خاکہ | |
| | (52) ان میں سے کون سی کتاب دکن میں لکھی گئی ہے؟ | |
| | (A) صورۃ الخیال (B) مرآۃ العروس (C) کتاب نورس (D) زلور نجم | |
| | (53) ان میں رتن ناتھ سرشار کا ناول کون سا ہے؟ | |
| | (A) ابن الوقت (B) فسانہ آزاد (C) اصلاح النساء (D) گئودان | |
| | | |

P. T. O.

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (54) بیدی کے پہلے افسانوی مجموعہ کا نام ~~بتائیے~~ بتائیے ؟ | |
| | (A) ~~گرہن~~ گرہن (B) دانہ و دام (C) مکتی بودھ (D) کوکھ جلی | |
| | (55) ~~جیسے~~ پر کاش نارائن کا کون سا خطبہ شامل نصاب ہے ؟ | |
| | (A) انقلاب کامل (B) کامل انقلاب (C) دھول کے پھول (D) پیغام انقلاب | |
| | (56) "میں نے وہ انداز تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے" یہ قول کس کا ہے ؟ | |
| | (A) مولانا آزاد (B) مرزا غالب (C) ~~[illegible]~~ حالی (D) سر سید احمد خان | |
| | (57) نظم "گفتگو" کو شاعر نے کس کے نام معنون کیا ہے ؟ | |
| | (A) امن کے نام (B) جنگ کے نام (C) ہندو پاک دوستی کے نام (D) اپنے دوستوں کے نام | |
| | (58) نظم "کیفی" کا مرکزی کردار کون ہے ؟ | |
| | (A) انسان (B) وقت (C) کسان (D) غلہ | |
| | (59) اکبر الہ آبادی کس طرح کے شاعر تھے ؟ | |
| | (A) سنجیدہ (B) ظریف (C) مسلمات نگار (D) عوامی | |
| | (60) ~~کون شاعر ہے جسے~~ کس شاعر کو منتقل پسند کیا گیا ہے ؟ | |
| | (A) میر تقی میر (B) غالب (C) اقبال (D) فیض | |
| | SECTION B | |
| | 1. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے | 1×8 = 8 |
| | (الف) میرا محبوب شاعر | |
| | (ب) عید قرباں | |
| | (ج) جاڑے کا موسم | |

P.T.O

Biharboard Questionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|

(61) "حکم" کی جمع کیا ہوگی؟

(A) حاکم (B) حکّام (C) احکام (D) حکمار

(62) شعر میں کسی تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ ہو تو کیا کہلاتا کہلائے گا؟

(A) مبالغہ (B) تجنیس (C) تلمیح (D) تضاد

(63) "عود ہندی" اور "اردوئے معلی" کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) انشائیہ (B) سوانح (C) خطوط (D) افسانہ

(64) عزیز احمد کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) ابراہیم سقہ (B) جوئے لبرے گیت (C) پرامس (D) گوربخش سنگھ

(65) ان میں سے کون سی نظم علی سردار جعفری کی ہے؟

(A) کھیتی (B) گفتگو (C) مشاعرہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

(66) "زندگی اے زندگی" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) خلیل الرحمن اعظمی (B) عمیق حنفی (C) اکبر الہ آبادی (D) علی سردار جعفری

(67) "گلزار نسیم" کیا ہے؟

(A) افسانہ (B) مثنوی (C) داستان (D) ناول

(68) "مٹی کا تیل" کس کا مضمون ہے؟

(A) وزیر آغا (B) خواجہ حسن نظامی (C) سید سلیمان ندوی (D) نذیر احمد

(69) "باغ و بہار" ~~کس صنف کی کتاب ہے~~ کی زبان کیسی ہے؟

مشکل

~~(A) … (B) … (C) انشائیہ (D) افسانہ~~

(A) مشکل (B) پیچیدہ (C) آسان (D) غیر دلچسپ

Biharboard Question paper.com

प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

(70) اردو کا پہلا خاکہ نگار کون ہے؟

(A) فرحت اللہ بیگ (B) مولوی عبدالحق (C) مولوی ذکاءاللہ (D) مولوی عبدالصمد

(71) "نذیر احمد کی کہانی" کے مصنف کون ہیں؟

(A) نذیر احمد (B) فرحت اللہ بیگ (C) رشید احمد صدیقی (D) مولوی عبدالحق

(72) سید سلیمان ندوی کی وفات کب ہوئی؟

(A) 1953ء (B) 1951ء (C) 1958ء (D) 1960ء

(73) وزیر آغا کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) انشائیہ (B) افسانہ (C) ناول (D) خاکہ

(74) انشائیہ کس چیز کی پیداوار ہے؟

(A) موافق حالات (B) علم کی گہرائی (C) شگفتہ موڈ (D) ناخوشگوار حالات

(75) "اردو شاعری کا مزاج" کے مصنف کون ہیں؟

(A) احمد جمال پاشا (B) وزیر آغا (C) حالی (D) کلیم الدین احمد

(76) باغ و بہار میں اندھے فقیر کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(A) چین (B) عرب (C) ترکی (D) ہندوستان

(77) میر امن کی دوسری کتاب کا نام کیا ہے؟

(A) خواب و خیال (B) گنج خوبی (C) نوطرز مرصع (D) فسانہ عجائب

(78) باغ و بہار کس سنہ میں لکھی گئی؟

(A) 1901ء (B) 1801ء (C) 1880ء (D) 1850ء

BiharboardQuestionPaper.com

| प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|
| 79) داستان "سب رس" کے مصنف کون ہیں؟ | |
| (A) ولی دکنی (B) ملا وجہی (C) رتن ناتھ سرشار (D) رجب علی بیگ | |
| 80) افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کن لوگوں کے تبادلے کی بات کی جا رہی تھی؟ | |
| (A) مزدوروں کے (B) طوائفوں (C) قیدیوں کے (D) پاگلوں کے | |
| 81) مختصر افسانہ کے داغ بیل کا سہرا کس کے سر ہے؟ | |
| (A) پریم چند (B) سعادت حسن منٹو (C) بیدی (D) سجاد حیدر یلدرم | |
| 82) الوانِ غزل کس کا ناول ہے؟ | |
| (A) قرۃ العین حیدر (B) جیلانی بانو (C) عصمت چغتائی (D) شکیلہ اختر | |
| 83) بھولے بسرے گیت کس کا افسانہ ہے؟ | |
| (A) شفیع جاوید (B) سلام بن رزاق (C) جیلانی بانو (D) شوکت حیات | |
| 84) اخبار "الہلال" کے بانی کون تھے؟ | |
| (A) مولانا حالی (B) محمد حسین آزاد (C) مولانا ابوالکلام آزاد (D) سید سلیمان ندوی | |
| 85) فسانہ آزاد میں کہاں کی معاشرت پیش کی گئی ہے؟ | |
| (A) لکھنؤ (B) دہلی (C) حیدرآباد (D) عظیم آباد | |
| 86) بیدی کہاں پیدا ہوئے تھے؟ | |
| (A) کراچی (B) امرتسر (C) لاہور (D) حیدرآباد | |
| 87) "کھیتی" کیسی نظم ہے؟ | |
| (A) آزاد (B) پابند (C) ظریفانہ (D) معری | |
| | |

BiharBoardQuestionPaper.com

(88) اکبر الہ آبادی کیسے شاعر تھے ؟

(A) سنجیدہ (B) مذہبی (C) ظریف (D) رومان پسند

(89) متشاعر کس کلام سے بھی نہیں تھکتا ہے ؟

(A) شاعری سے (B) نثر سے (C) جی حضوری سے (D) ان میں سے کوئی نہیں

(90) نظم "ہم نہیں جانتے" کا اردو ترجمہ کس نے کیا ؟

(A) زاہدہ زیدی (B) طاہرہ زیدی (C) جیلانی بانو (D) خدیجہ مستور

(91) ان میں سے کس شاعر کا تعلق فلمی گیت سے نہیں ہے ؟

(A) مجروح سلطان پوری (B) کیفی اعظمی (C) میر تقی میر (D) شکیل بدایونی

(92) چہرہ، سراپا اور رخصت کس صنف شاعری سے متعلق ہے ؟

(A) قصیدہ (B) مثنوی (C) مرثیہ (D) رباعی

(93) اردو کے پہلے مرثیہ کا نام بتائیے ؟

(A) قطب مشتری (B) سحر البیان (C) گلزار نسیم (D) نوسرہار

(94) جس لفظ کا کوئی معنی ہو اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) کلمہ (B) کلام (C) اسم (D) ان میں سے کوئی نہیں

(95) ماضی بعید کی ایک مثال دیجئے ؟

(A) وہ کھایا (B) وہ کھایا تھا (C) وہ کھایا ہوگا (D) وہ کھا چکا ہے

(96) ورق کی جمع کیا ہوگی ؟

(A) ورقوں (B) اوراق (C) وراق (D) ان میں سے کوئی نہیں

P.T.O

Biharboardquestionpaper.com

प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

(97) غزل تشبیب سے وجود میں آئی، تشبیب کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) مرثیہ (B) قصیدہ (C) مثنوی (D) مشستزاد

(98) "مدح" کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟

(A) غزل (B) رباعی (C) قصیدہ (D) مثنوی

(99) "اے غم دل کیا کروں اے وحشت دل کیا کروں" یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے؟

(A) جوش (B) فیض احمد فیض (C) مجاز (D) علی سردار جعفری

(100) یہ شعر کس کا ہے؟

سراپا راز ہوں، کیا بتاؤں کون ہوں، کیا ہوں

سمجھتا ہوں مگر دنیا کو سمجھانا نہیں آتا

(A) مرزا غالب (B) یگانہ چنگیزی (C) خلیل الرحمن اعظمی (D) عطا کاکوی

(P.T.O.)

Biharboardquestionpaper.com

## SECTION – B

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

1۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔ 1×8 = 8

(الف) میرا محبوب شاعر (ب) عید قرباں (ج) جاڑے کا موسم

(د) سیلاب کی تباہ کاریاں

(ہ) کرکٹ کا کھیل

(و) کمپیوٹر کے فوائد

(2) مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے ؛ 2×2 = 4

(الف) خدا ہی جانے یگانہ میں کون ہوں کیا ہوں — خود اپنی ذات پہ شک دل میں آئے ہیں کیا کیا

(ب) میں چمن میں کیا گیا گویا دبستاں کھل گیا — بلبلیں سن کر مرے نالے غزل خواں ہو گئیں

(ج) دائم پڑا ہوا ترے در پر نہیں ہوں میں — خاک ایسی زندگی پہ کہ پتھر نہیں ہوں میں

(د) تم سے کچھ بندہ نے چاہا تو تمہیں کو چاہا — اور کیا مانگتا کس چیز کا سائل ہوتا

(3) مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجئے ؛ 1×4 = 4

" امریکہ کا راک فیلر اسی خاک کے نیچے رہنے والے تیل کی بدولت لاتعداد دولت کا مالک ہے۔ یہی تیل دوسرے ممالک کے ہاتھ میں رہنے کے باعث ہندوستان کی دولت غیروں کو بانٹ رہا ہے۔ یہی تیل دنیا کی تمام ملکوں میں کام آتا ہے۔ یہی وہ چیز ہے جس کے بل پر دنیا کی مشہور سواری موٹر کار زمین پر دوڑتی پھرتی ہے "۔

یا

" پیٹ کے لئے کھانوں میں سب سے زیادہ ضروری کھانا کون سا ہے۔ لوگ اپنے اپنے تجربہ اور عادت کے مطابق اس کے کئی جواب دے سکتے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جو میرا خیال وہی اکثروں کا ہے یعنی پیٹ کے کھانوں میں سب سے زیادہ ضروری کھانا ناشتہ ہے۔ صبح سویرے اٹھ کر منہ میں کچھ پڑ جانے سے سارے دن کے لئے ڈھارس ہو جاتی ہے "۔

4۔ اپنے کالج کے پرنسپل کے نام چھٹی کی درخواست لکھئے 1×5 = 5

یا

اپنی والدہ کو ایک خط لکھئے جس میں اپنی تعلیم و تربیت کا حال بیان کیجئے ؛

C.To

BiharBoardQuestionPaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
| --- | --- | --- |
| | 5. درج ذیل سوالوں میں سے صرف پانچ کے مختصر جواب دیجئے ؛ | 5×2=10 |
| | (A) مرزا فرحت اللہ بیگ کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ | |
| | (B) راجندر سنگھ بیدی کا کون سا افسانہ آپ کے نصاب میں شامل ہے ؟ | |
| | (C) مولانا آزاد کا سال وفات کیا ہے ؟ | |
| | (D) خواجہ حسن نظامی کے والد کا نام کیا تھا ؟ | |
| | (E) سید سلیمان ندوی کی کسی دو کتابوں کے نام لکھیں ؟ | |
| | (F) انشائیہ ہجرت میں کتنے ملکوں کا نام آیا ہے ؟ ان کے نام لکھیں ؟ | |
| | (G) "ہجرت" کا تعلق کس صنف ادب سے ہے ؟ | |
| | (H) اکبر الہ آبادی کس پرچہ کے نورتنوں میں شمار ہوتے تھے ؟ | |
| | (I) نظم لغتی کس ہیئت میں لکھی گئی ہے ؟ | |
| | (J) آپ کے نصاب میں پوجینو مونتالے کی کون سی نظم شامل ہے ؟ | |
| | 6. مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے ؛ | 3×5=15 |
| | (A) عطا کاکوی کے حالات زندگی پر روشنی ڈالئے ؟ | |
| | (B) میر امن کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے ؟ | |
| | (C) انیس کی منظر نگاری کے متعلق پانچ جملے لکھئے ؟ | |
| | (D) غالب کی شاعری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے ؟ | |
| | (E) انشائیہ اور مضمون میں کیا فرق ہے ؟ | |
| | (F) اتو کے چاروں بیٹوں کے نام اور ان کے کام بتائیے ؟ | |
| | | |

P.T.O.

BiharboardQuestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 7۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص پیش کیجئے ؛ | 1×4=4 |
| | " دیوان گھر کے آنگن میں بیٹھی کبوتروں کو دانہ ڈالنے میں اتنو سوچتی تھیں کہ کوڑے کا ڈھیر ہی بن گیا ہے | |
| | یہ گھر بار بار لائٹ چلی جاتی ہے۔ اندھیرے میں ماچس نہیں ملتی۔ پوسٹ مین کوئی خط پھینک جائے تو وہ کسی | |
| | کیاری کے پیچھے پڑا مہینوں کے بعد ملتا ہے۔ ویسے بھی ان کے بیٹے اب خط لکھنے کی پرانی رسم بھول چکے تھے۔ | |
| | کبھی ضرورت ہوتی تو فون کر لیتے ہیں۔ دودھ والا، دودھ پھاٹک پر رکھ کر چلا جاتا ہے تو روز کتا اٹھا کر لے | |
| | جاتا ہے۔ کبھی آنگن میں کسی بچے کی گیند گر جائے تو وہ اندر آنے سے پہلے امو کی صورت دیکھ بھاگ | |
| | جاتا ہے۔ رشتہ داروں کو فرصت نہیں ملتی آنے کی" | |
| | یا | |
| | درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے ؛ | |
| | (A) " کوارنٹین " | |
| | (B) شکست زنداں کا خواب | |
| | (C) ہم نہیں جانتے | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

BiharboardQuestionPaper.com